واعلموا 10

القرآن الکریم

لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

www.KitaboSunnat.com

نگہت ہاشمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- **کتاب وسنت ڈاٹ کام** پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- **مجلس التحقیق الاسلامی** کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد **(Upload)** کی جاتی ہیں۔
- **دعوتی مقاصد** کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ **(Download)** کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَاَنَّ

اور تم جان لو | بے شک جو | مالِ غنیمت حاصل کرو تم | کچھ بھی | تو یقیناً

اور جان لو کہ جو کچھ بھی مالِ غنیمت تم حاصل کرو تو بے شک

لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى

اللہ تعالیٰ کے لیے ہے | پانچواں حصہ اُس کا | اور رسول کے لیے | اور رشتہ داروں کے لیے | اور یتیموں کے لیے

اس کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ کے لیے اور رسول کے لیے اور رشتے داروں اور یتیموں

وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ

اور مسکینوں کے لیے | اور مسافروں کے لیے ہے | اگر | ہو تم | ایمان رکھتے ہو تم | اللہ تعالیٰ پر

اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے، اگر تم اللہ تعالیٰ پر اور اس پر

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ

اور اس پر جو | نازل کیا ہم نے | اپنے بندے پر | فیصلے کے دن | جس دن

ایمان رکھتے ہو جو ہم نے فیصلے کے دن اپنے بندے پر نازل کیا

الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ

مقابل ہوئیں | دو جماعتیں | اور اللہ تعالیٰ | ہر چیز پر | پوری طرح قدرت رکھنے والا ہے | جب

جس دن دو جماعتیں مقابل ہوئیں اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر پوری طرح قدرت رکھنے والا ہے (41) جب

اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى

تم | کنارے پر تھے | قریبی | اور وہ | کنارے پر تھے | دُور کے

تم قریبی کنارے پر تھے اور وہ دور کے کنارے پر تھے اور قافلہ تم سے نیچے کی طرف تھا

وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ

اور قافلہ | نیچے تھا | تم سے | اور اگر آپس میں وعدہ کرتے تم | ضرور آگے پیچھے ہو جاتے تم

اور اگر تم آپس میں وعدہ کرتے تو ضرور تم وقتِ مقررہ میں آگے پیچھے ہو جاتے

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

فِى الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِىَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ

وقتِ مقررہ میں | اور لیکن | تاکہ پورا کردے | اللہ تعالیٰ | کام کو | تھا | کیا جانے والا

اور لیکن تاکہ اللہ تعالیٰ اس کام کو پورا کردے جو کیا جانے والا تھا

لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَىَّ

تاکہ ہلاک ہو | جو | ہلاک ہو | واضح دلیل سے | اور زندہ رہے | جو | زندہ رہے

تاکہ جو ہلاک ہو، واضح دلیل کے ساتھ ہلاک ہو اور جو زندہ رہے

عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۙ ﴿٤٢﴾ اِذْ

واضح دلیل سے | اور بے شک | اللہ تعالیٰ | یقیناً سب کچھ سننے والا | سب کچھ جاننے والا ہے | جب

وہ واضح دلیل کے ساتھ زندہ رہے اور بے شک اللہ تعالیٰ یقیناً سب کچھ سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔(42) جب

يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِىْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا ؕ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ

دکھارہا تھا آپ کو انہیں | اللہ تعالیٰ | آپ کے خواب میں | تھوڑا | اور اگر | وہ دکھادیتا آپ کو انہیں

اللہ تعالیٰ انہیں آپ کے خواب میں تھوڑا دکھارہا تھا اور اگر

كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِى الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ

زیادہ | ضرور ہمت ہار جاتے تم | اور ضرور آپس میں جھگڑا کرتے تم | اس معاملے میں | اور لیکن

آپ کو وہ انہیں زیادہ دکھادیتا تو ضرور تم ہمت ہار جاتے اور ضرور تم اس معاملے میں آپس میں جھگڑتے لیکن

اللّٰهَ سَلَّمَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٤٣﴾

اللہ تعالیٰ نے | سلامت رکھا | یقیناً وہ | خوب جاننے والا ہے | سینوں والی بات

اللہ تعالیٰ نے سلامت رکھا یقیناً وہ سینوں والی بات کو خوب جاننے والا ہے(43)

وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِىْٓ اَعْيُنِكُمْ

اور جب | وہ دکھاتا تھا تمہیں اُن کو | جب | مقابل ہوئے تم | تمہاری آنکھوں میں

اور جب تم مقابل ہوئے، وہ اُن کو تمہاری آنکھوں میں کم دکھاتا تھا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قَلِيلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا

کم اور وہ بہت کم کرتا تھا تمہیں اُن کی نگاہوں میں تا کہ پورا کردے اللہ تعالیٰ کام کو

اور تمہیں ان کی نگاہوں میں بہت کم کرتا تھا، تا کہ اللہ تعالیٰ اس کام کو پورا کردے

كَانَ مَفْعُوْلًا ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۴۴ۧ يٰٓاَيُّهَا

تھا کیا جانے والا اور طرف اللہ تعالیٰ کی لوٹائے جاتے ہیں سارے معاملات اے لوگو

جو کیا جانے والا تھا اور سارے معاملات اللہ تعالیٰ کی طرف ہی لوٹائے جاتے ہیں۔ (44) اے لوگو جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا

جو ایمان لائے ہو جب تم مدمقابل ہو کسی گروہ کے تو تم ثابت قدم رہو اور تم یاد کرو

ایمان لائے ہو! جب تم مدمقابل ہو کسی گروہ کے تو ثابت قدم رہو

اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۴۵ۚ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

اللہ تعالیٰ کو کثرت سے تا کہ تم تم فلاح پاؤ اور تم اطاعت کرو اللہ تعالیٰ کی

اور اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔ (45) اور اللہ تعالیٰ

وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ

اور اُس کے رسول کی اور نہ تم آپس میں جھگڑا کرو ورنہ تم بزدل ہو جاؤ گے اور چلی جائے گی ہوا تمہاری

اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور آپس میں جھگڑا نہ کرو ورنہ تم بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اُکھڑ جائے گی

وَاصْبِرُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝۴۶ۚ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

اور تم صبر کرو بے شک اللہ تعالیٰ ساتھ ہے صبر کرنے والوں کے اور نہ تم ہو جاؤ اُن لوگوں کی طرح جو

اور صبر کرو، بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ (46) اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو

خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَاۗءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ

نکلے تھے اپنے گھروں سے اکڑتے ہوئے اور دکھاوا کرتے ہوئے لوگوں کو اور وہ روکتے تھے

اپنے گھروں سے اکڑتے ہوئے اور لوگوں کو دکھاوا کرتے ہوئے نکلے تھے اور وہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا يَعۡمَلُوۡنَ مُحِيۡطٌ ﴿۴۷﴾

اللہ تعالیٰ کی راہ سے | اور اللہ تعالیٰ | اُس کا جو | وہ کر رہے تھے | احاطہ کرنے والا تھا

اللہ تعالیٰ کی راہ سے لوگوں کو روکتے تھے اور اللہ تعالیٰ اس کا جو وہ کر رہے تھے احاطہ کرنے والا تھا۔(47)

وَاِذۡ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيۡطٰنُ اَعۡمَالَهُمۡ وَقَالَ

اور جب | خوش نما بنا دیے تھے | اُن کے لیے | شیطان نے | اعمال اُن کے | اور اس نے کہا

اور جب شیطان نے ان کے اعمال ان کے لیے خوش نما بنا دیے تھے اور اس نے کہا:

لَا غَالِبَ لَكُمُ الۡيَوۡمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّىۡ

نہیں کوئی غالب آنے والا | تمہارے لیے | آج کے دن | لوگوں میں سے | اور بلاشبہ میں

''لوگوں میں سے آج تم پر کوئی غالب آنے والا نہیں اور بلاشبہ میں

جَارٌ لَّكُمۡ ۚ فَلَمَّا تَرَآءَتِ الۡفِئَتٰنِ نَكَصَ

حمایتی ہوں | تمہارے لیے | پھر جب | ایک دوسرے کو دیکھا | دونوں جماعتوں نے | واپس پلٹا

تمہارا حمایتی ہوں۔'' مگر جب دونوں جماعتوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو وہ

عَلٰى عَقِبَيۡهِ وَقَالَ اِنِّىۡ بَرِىۡٓءٌ مِّنۡكُمۡ اِنِّىۡۤ

اپنی ایڑیوں پر | اور وہ کہنے لگا | بے شک میں | بے زار ہوں | تم سے | واقعی میں

اپنی ایڑیوں پر واپس پلٹا اور کہنے لگا: ''بے شک میں تم سے بے زار ہوں، میں واقعی

اَرٰى مَا لَا تَرَوۡنَ اِنِّىۡۤ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ

میں دیکھ رہا ہوں | جو | نہیں تم دیکھ رہے | یقیناً میں | میں ڈرتا ہوں | اللہ تعالیٰ سے

وہ کچھ دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ رہے، یقیناً میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں

وَاللّٰهُ شَدِيۡدُ الۡعِقَابِ ﴿۴۸﴾ ع اِذۡ يَقُوۡلُ الۡمُنٰفِقُوۡنَ

اور اللہ تعالیٰ | بہت سخت ہے | عذاب والا | جب | کہہ رہے تھے | منافق

اور اللہ تعالیٰ بہت سخت عذاب والا ہے۔''(48) جب منافق

ع ۶ ۲

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ

اور وہ لوگ | دلوں میں جن کے | ایک بیماری تھی | دھوکا دیا ہے | ان لوگوں کو | اُن کے دین نے

اور وہ لوگ جن کے دلوں میں ایک بیماری تھی، کہہ رہے تھے ان لوگوں کو ان کے دین نے دھوکا دیا ہے۔

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

اور جو | بھروسہ کرے | اللہ تعالیٰ پر | تو یقیناً | اللہ تعالیٰ | سب پر غالب

اور جو بھی اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے گا تو یقیناً اللہ تعالیٰ سب پر غالب، فرشتے ان لوگوں کی جان قبض کرتے ہیں

حَكِيْمٌ ﴿٤٩﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ

کمال حکمت والا ہے | اور کاش | آپ دیکھیں | جب | جان قبض کرتے ہیں | ان لوگوں کی

کمال حکمت والا ہے۔(49) اور کاش آپ دیکھیں جب

كَفَرُوا ۙ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ۚ

جنہوں نے کفر کیا | فرشتے | وہ مارتے ہیں | اُن کے چہروں پر | اور اُن کی پشتوں پر

جنہوں نے کفر کیا، وہ ان کے چہروں اور ان کی پشتوں پر مارتے ہیں

وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿٥٠﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

اور تم چکھو | عذاب | جلنے کا | یہ | اُس کے بدلے ہے جو | آگے بھیجا

اور (کہتے ہیں) جلنے کا عذاب چکھو۔(50) یہ اس کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھوں نے

اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿٥١﴾ ۙ

تمہارے ہاتھوں نے | اور یقیناً | اللہ تعالیٰ | نہیں ہے | ظلم کرنے والا | بندوں کے لیے

آگے بھیجا ہے اور یقیناً اللہ تعالیٰ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔(51)

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

جس طرح حالت تھی | آل فرعون کی | اور ان لوگوں کی جو | اُن سے پہلے تھے

جس طرح آل فرعون کی اور ان لوگوں کی حالت تھی جو ان سے پہلے تھے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ

اُنہوں نے کفر کیا اللہ تعالیٰ کی آیات کا تو پکڑ لیا اُنہیں اللہ تعالیٰ نے اُن کے گناہوں کی وجہ سے

اُنہوں نے اللہ تعالیٰ کی آیات کا انکار کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے گناہوں کی وجہ سے اُنہیں پکڑ لیا۔

اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٥٢﴾ ذٰلِكَ

یقیناً اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا ہے بہت سخت عذاب والا ہے یہ

یقیناً اللہ تعالیٰ بڑی قوت والا، بہت سخت عذاب والا ہے۔(52)

بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً

اس وجہ سے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کبھی نہیں ہے تبدیل کرنے والا کسی نعمت کو

یہ اس وجہ سے ہوا کہ اللہ تعالیٰ کبھی کسی نعمت کو

اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ

جو عطا کی اُس نے کسی قوم پر یہاں تک کہ وہ بدل دیں اس کو جو اُن کے دلوں میں ہے

جو اس نے کسی قوم کو عطا کی ہو، کبھی تبدیل کرنے والا نہیں ہے یہاں تک کہ جو ان کے دلوں میں ہے، وہ بدل دیں۔

وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٥٣﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ

اور یقیناً اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا ہے سب کچھ جاننے والا ہے جس طرح حالت تھی آل فرعون کی

اور یقیناً اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔(53) جس طرح آل فرعون کی

وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ

اور ان لوگوں کی جو اُن سے پہلے تھے اُنہوں نے جھٹلایا آیات کو اپنے رب کی

اور ان لوگوں کی حالت تھی جو ان سے پہلے تھے، اُنہوں نے اپنے رب کی آیات کو جھٹلایا

فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ

پھر ہلاک کر دیا ہم نے اُنہیں اُن کے گناہوں کی وجہ سے اور غرق کر دیا ہم نے آل فرعون کو

چنانچہ ہم نے اُنہیں اُن کے گناہوں کی وجہ سے ہلاک کر دیا اور ہم نے آل فرعون کو غرق کر دیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَكُلٌّ	كَانُوْا	ظٰلِمِيْنَ ﴿٥٤﴾	اِنَّ	شَرَّ	الدَّوَآبِّ	عِنْدَ
اور سب کے سب	تھے	ظالم	یقیناً	بدترین	جانور	نزدیک

اور وہ سب لوگ ہی ظالم تھے۔(54) یقیناً اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین جانور وہ لوگ ہیں

اللّٰهِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٥﴾
اللہ تعالیٰ کے	وہ لوگ ہیں	جنہوں نے کفر کیا	سو وہ	نہیں وہ ایمان لاتے

جنہوں نے کفر کیا، سو وہ ایمان نہیں لاتے۔(55)

اَلَّذِيْنَ	عٰهَدْتَّ	مِنْهُمْ	ثُمَّ	يَنْقُضُوْنَ	عَهْدَهُمْ
جن لوگوں سے	عہد باندھا آپ نے	اُن سے	پھر	وہ توڑ دیتے ہیں	عہد اپنا

جن لوگوں سے آپ نے عہد باندھا پھر وہ

فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ	وَّهُمْ	لَا يَتَّقُوْنَ ﴿٥٦﴾	فَاِمَّا	تَثْقَفَنَّهُمْ
ہر بار میں	اور وہ	نہیں وہ ڈرتے	لہٰذا اگر	آپ پالیں انہیں

ہر بار اپنا عہد توڑ دیتے ہیں اور وہ نہیں ڈرتے۔(56) لہٰذا اگر

فِي الْحَرْبِ	فَشَرِّدْ بِهِمْ	مَّنْ	خَلْفَهُمْ	لَعَلَّهُمْ	
جنگ میں	تو آپ (مار) بھگائیں اُن کے ذریعے	جو	اُن کے پیچھے ہیں	تاکہ وہ	

آپ انہیں کسی جنگ میں پائیں تو جو ان کے پیچھے ہیں، ان کے ذریعے مار بھگائیں تاکہ وہ

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿٥٧﴾	وَاِمَّا	تَخَافَنَّ	مِنْ قَوْمٍ	خِيَانَةً
وہ نصیحت پکڑیں	اور اگر	آپ ڈریں	کسی قوم سے	کسی خیانت سے

نصیحت پکڑیں۔(57) اور اگر آپ کسی قوم کی خیانت سے ڈریں

فَانْۢبِذْ	اِلَيْهِمْ	عَلٰى سَوَآءٍ ط	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ
تو آپ پھینک دیں	طرف ان کی	برابری پر	بلاشبہ	اللہ تعالیٰ	نہیں وہ محبت کرتا

تو آپ (ان کا عہد) برابری کے ساتھ ان کی جانب پھینک دیں۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ع

الْخَآئِنِيْنَ ۝٥٨ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

خیانت کرنے والوں سے | اور نہ | سمجھیں | وہ لوگ | جن لوگوں نے کفر کیا

خیانت کرنے والوں سے محبت نہیں کرتا۔(58)اور جن لوگوں نے کفر کیا یہ نہ سمجھیں

سَبَقُوْا ط اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ۝٥٩ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا

وہ بچ نکلے | یقیناً وہ | نہیں وہ عاجز کریں گے | اور تیاری کرو | اُن کے لیے | جو

کہ وہ بچ نکلے یقیناً وہ عاجز نہیں کریں گے۔(59)اور

اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ

استطاعت رکھتے ہو تم | قوت میں سے | اور گھوڑے باندھنے سے | تم خوف زدہ کرو گے

جو تم استطاعت رکھتے ہو ان کے (مقابلے) کے لیے، قوت سے اور گھوڑے باندھنے سے تیاری کرو،

بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ

ساتھ اس کے | دشمن کو | اللہ تعالیٰ کے | اور اپنے دشمن کو | اور دوسرے

تم اس سے اللہ تعالیٰ کے دشمن کو اور اپنے دشمن کو اور ان کے علاوہ دوسروں کو خوف زدہ کرو گے،

مِنْ دُوْنِهِمْ ج لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ج اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ط وَمَا

اُن کے علاوہ ہیں | نہیں تم جانتے ان کو | اللہ تعالیٰ | جانتا ہے اُن کو | اور جو کچھ

جنہیں تم نہیں جانتے، اللہ تعالیٰ ان کو جانتا ہے اور

تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ

تم خرچ کرو گے | کوئی چیز | اللہ تعالیٰ کی راہ میں | پوری پوری لوٹا دی جائے گی | طرف تمہاری

اللہ تعالیٰ کی راہ میں جو چیز بھی تم خرچ کرو گے وہ پوری پوری تمہاری طرف لوٹا دی جائے گی

وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝٦٠ وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ

اور تم | تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا | اور اگر | وہ مائل ہوں | صلح کے لیے

اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔(60)اور اگر وہ صلح کے لیے مائل ہو جائیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَاجۡنَحۡ لَهَا وَتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

تو آپ مائل ہو جائیں اس کے لیے اور آپ بھروسہ کریں اللہ تعالیٰ پر بلاشبہ وہ وہی ہے

تو آپ بھی اس کے لئے مائل ہو جائیں اور آپ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں، بلاشبہ وہی

السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۶۱﴾ وَاِنۡ يُّرِيۡدُوۡۤا اَنۡ

سب کچھ سننے والا سب کچھ جاننے والا اور اگر وہ ارادہ کریں یہ کہ

سب کچھ سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔(61) اور اگر وہ

يَّخۡدَعُوۡكَ فَاِنَّ حَسۡبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِىۡۤ

وہ دھوکہ دیں آپ کو تو بے شک کافی ہے آپ کے لیے اللہ تعالیٰ وہی ہے جس نے

آپ کو دھوکہ دینے کا ارادہ کریں تو بے شک اللہ تعالیٰ تمہارے لیے کافی ہے۔ وہی ہے جس نے

اَيَّدَكَ بِنَصۡرِهٖ وَبِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۙ﴿۶۲﴾ وَاَلَّفَ بَيۡنَ

قوت دی آپ کو ساتھ اپنی مدد کے اور مومنوں کے ذریعے اور اس نے الفت ڈال دی درمیان

اپنی مدد اور مومنوں کے ذریعے آپ کو قوت دی۔(62) اور اس نے

قُلُوۡبِهِمۡ ؕ لَوۡ اَنۡفَقۡتَ مَا فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا

اُن کے دلوں کے اگر خرچ کر دیتے آپ جو زمین میں ہے سب

ان کے دلوں میں الفت ڈال دی، اگر آپ زمین میں جو بھی ہے وہ سب خرچ کر دیتے

مَّاۤ اَلَّفۡتَ بَيۡنَ قُلُوۡبِهِمۡ وَلٰـكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ

نہ آپ الفت ڈالتے درمیان اُن کے دلوں کے اور لیکن اللہ تعالیٰ نے الفت ڈال دی

تب بھی آپ ان کے دلوں کے درمیان الفت نہ ڈالتے اور لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کے درمیان الفت ڈال دی

بَيۡنَهُمۡ ؕ اِنَّهٗ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ﴿۶۳﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ

درمیان اُن کے یقیناً وہ سب پر غالب کمال حکمت والا ہے اے نبی

یقیناً وہ سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔(63) اے نبی!

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

ع ٨/٤

حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٤﴾ ع

کافی ہے آپ کو | اللہ تعالیٰ | اور وہ جو | پیچھے چلے ہیں آپ کے | مومنوں میں سے

آپ کو بس اللہ تعالیٰ کافی ہے اور مومنوں میں سے ان کو بھی جو آپ کے پیچھے چلے ہیں۔(64)

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ

اے | نبی | آپ اُبھارو | مومنوں کو | جنگ پر | اگر

اے نبی! مومنوں کو جنگ پر اُبھارو،

يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ

ہوں گے | تم میں سے | بیس | صبر کرنے والے | وہ غالب آئیں گے | دو سو پر

اگر تم میں سے بیس آدمی صبر کرنے والے ہوں گے وہ

وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْۤا اَلْفًا

اور اگر | ہوں گے | تم میں سے | سو | وہ غالب آئیں گے | ہزار پر

دو سو پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں سے سو آدمی ہوں گے وہ

مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا

اُن لوگوں میں سے | جنہوں نے کفر کیا | بوجہ اس کے کہ بے شک وہ | لوگ ہیں | نہیں

ہزار کافروں پر غالب آئیں گے کیونکہ بے شک وہ لوگ

يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ

وہ سمجھتے | اب | ہلکا کر دیا | اللہ تعالیٰ نے | تم سے | اور اس نے جان لیا

سمجھ نہیں رکھتے۔(65) اب اللہ تعالیٰ نے تم پر سے بوجھ ہلکا کر دیا اور اس نے جان لیا ہے

اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ

یقیناً | تم میں | کمزوری ہے | چنانچہ اگر | ہوں گے | تم میں سے

کہ یقیناً تم میں کچھ کمزوری ہے، چنانچہ اگر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ

سو | صبر کرنے والے | وہ غالب آئیں گے | دو سو پر | اور اگر | ہوں گے

تم میں سے سو صبر کرنے والے ہوں گے وہ دو سو پر غالب آئیں گے اور اگر

مِّنْكُمْ اَلْفٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

تم میں سے | ایک ہزار | وہ غالب آئیں گے | دو ہزار پر | اللہ تعالیٰ کے حکم سے | اور اللہ تعالیٰ

تم میں سے ایک ہزار ہوں گے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے دو ہزار پر وہ غالب آئیں گے اور اللہ تعالیٰ

مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝٦٦ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ

ساتھ ہے | صبر کرنے والوں کے | نہیں | ہے | کسی نبی کے لیے | یہ کہ | ہوں

صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔(66) کسی نبی کے لائق نہیں کہ

لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْاَرْضِ ؕ تُرِيْدُوْنَ

اُس کے لیے | قیدی | یہاں تک کہ | وہ خوب خون بہالے | زمین میں | تم چاہتے ہو

اس کے پاس قیدی ہوں، یہاں تک کہ وہ زمین میں (کافروں کا) خوب خون بہالے،

عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَاللّٰهُ

سازوسامان | دُنیا کا | اور اللہ تعالیٰ | چاہتا ہے | آخرت کو | اور اللہ تعالیٰ

تم دنیا کا سازوسامان چاہتے ہو اور اللہ تعالیٰ آخرت کو چاہتا ہے

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝٦٧ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ

سب پر غالب | کمال حکمت والا ہے | اگر نہ (ہوتی) لکھی ہوئی بات | اللہ تعالیٰ کی طرف سے

اور اللہ تعالیٰ سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔(67) اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے لکھی ہوئی بات نہ ہوتی،

سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝٦٨

پہلے طے ہو چکی | البتہ پہنچتا تمہیں | اس وجہ سے جو | لیا ہے تم نے | عذاب | بہت بڑا

جو پہلے طے ہو چکی تھی تو اس کی وجہ سے جو تم نے لیا تمہیں بہت بڑا عذاب پہنچتا۔(68)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاتَّقُوا

سو تم کھاؤ اُس میں سے جو مالِ غنیمت حاصل کیا تم نے حلال پاک اور تم ڈرو

سو جو مالِ غنیمت تم نے حاصل کیا ہے اُس میں سے کھاؤ، حلال اور پاک ہے۔ اور اللہ تعالیٰ سے

اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٩﴾ ع يٰٓاَيُّهَا

اللہ تعالیٰ سے بلاشبہ اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا نہایت رحم والا ہے اے

ڈرتے رہو، بلاشبہ اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔ (69)

النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ

نبی آپ کہہ دو ان کے لیے جو تمہارے ہاتھوں میں ہیں قیدیوں میں سے

اے نبی! تمہارے ہاتھوں میں جو قیدی ہیں اُن سے کہہ دو

اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ

اگر معلوم کر لے گا اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں میں کوئی بھلائی وہ دے گا تمہیں

کہ اگر اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں میں کوئی بھلائی معلوم کرے گا

خَيْرًا مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ

بہتر اس میں سے جو لیا گیا ہے تم سے اور وہ بخش دے گا تمہارے لیے اور اللہ تعالیٰ

تو جو (فدیہ) تم سے لیا گیا ہے وہ اس سے بہتر تمہیں دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ تعالیٰ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧٠﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ

بے حد بخشنے والا ہے نہایت رحم والا ہے اور اگر وہ ارادہ کریں آپ سے خیانت کا

بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔ (70) اور اگر وہ آپ سے خیانت کا ارادہ کریں

فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ۭ

تو بے شک اُنہوں نے خیانت کی اللہ تعالیٰ سے اس سے پہلے تو اس نے قابو دے دیا اُن پر

تو بے شک پہلے اللہ تعالیٰ سے بھی انہوں نے خیانت کی تو اُس نے ان پر قابو دے دیا

ع ٩ ٥ ٥

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٧١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا ہے کمال حکمت والا ہے بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔(71) بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے

وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ

اور ہجرت کی اُنہوں نے اور جہاد کیا اُنہوں نے ساتھ اپنے مالوں کے اور اپنی جانوں کے

اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنی جانوں اور مالوں سے جہاد کیا،

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ

اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور وہ لوگ جنہوں نے جگہ دی اور جنہوں نے مدد کی یہ لوگ

اور وہ لوگ جنہوں نے جگہ دی اور مدد کی، یہ لوگ

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ

بعض اُن کے دوست ہیں بعض کے اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور نہیں

ایک دوسرے کے دوست ہیں، اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے

يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

اُنہوں نے ہجرت کی نہیں ہے تمہارے لیے اُن کی دوستی میں سے کچھ

ہجرت نہیں کی تمہارے لیے ان کی دوستی میں سے کچھ نہیں

حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ

یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اور اگر وہ مدد مانگیں تم سے دین کے بارے میں

یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اور اگر وہ دین کے بارے میں تم سے مدد مانگیں

فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ

تو تم پر لازم ہے مدد کرنا مگر ایسی قوم کے خلاف (نہیں) درمیان تمہارے

تو مدد کرنا تم پر لازم ہے، مگر ایسی قوم کے خلاف نہیں کہ ان کے اور تمہارے درمیان کوئی معاہدہ ہو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اور درمیان اُن کے | کوئی معاہدہ ہو | اور اللہ تعالیٰ | ساتھ اُس کے جو | تم عمل کرتے ہو

اور جو بھی تم کرتے ہو اللہ تعالیٰ اُسے خوب دیکھنے والا ہے۔(72)

بَصِيْرٌ ﴿٧٢﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ

خوب دیکھنے والا ہے | اور جن لوگوں نے | کفر کیا | بعض اُن میں سے | دوست ہیں

اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ ایک دوسرے کے دوست ہیں،

بَعْضٍ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ

بعض کے | اگر نہ | تم کرو گے ایسا | ہوگا | فتنہ | زمین میں

اگر تم یہ نہ کرو گے تو زمین میں بڑا فتنہ اور بہت بڑا فساد

وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿٧٣﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا

اور فساد | بہت بڑا | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور ہجرت کی انہوں نے

ہوگا۔(73) اور جو ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں

وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا

اور جہاد کیا انہوں نے | اللہ تعالیٰ کی راہ میں | اور جن لوگوں نے | جگہ دی | اور مدد کی انہوں نے

جہاد کیا، اور جن لوگوں نے جگہ دی اور مدد کی،

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا لَهُمْ

وہی لوگ | وہ سب | مومن ہیں | سچے | اُن کے لئے

وہی لوگ سچے مومن ہیں، ان کے لیے

مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بخشش ہے | اور رزق | باعزت | اور جو لوگ | ایمان لائے

بخشش اور باعزت رزق ہے۔(74) اور جو لوگ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِنۢ بَعۡدُ وَهَاجَرُوۡا وَجٰهَدُوۡا مَعَكُمۡ فَاُولٰٓئِكَ

بعد اس کے اور ہجرت کی اُنہوں نے اور جہاد کیا انہوں نے ساتھ تمہارے تو وہ لوگ

اس کے بعد ایمان لائے اور ہجرت کی اور انہوں نے تمہارے ساتھ مل کر جہاد کیا

مِنۡكُمۡ‌ؕ وَاُولُوا الۡاَرۡحَامِ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلٰى بِبَعۡضٍ

تم میں سے ہیں اور رشتہ دار بعض اُن کے زیادہ حق دار ہیں بعض کے

تو وہ تم ہی میں سے ہیں اور رشتہ دار اللہ تعالیٰ کی کتاب میں

فِىۡ كِتٰبِ اللّٰهِ‌ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿۷۵﴾ ع

اللہ تعالیٰ کی کتاب میں یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں یقیناً اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔(75)

ع ١٠/٦ الربع

اٰياتها ١٢٩ ‏٩ سُوۡرَةُ التَّوۡبَةِ مَدَنِيَّةٌ ١١٣ رُكُوۡعَاتُهَا ١٦

سورہ توبہ مدنی ہے اس میں ایک سو اُنتیس آیات اور سولہ رکوع ہیں۔

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖۤ اِلَى الَّذِيۡنَ

بری الذمہ ہونے کا اعلان ہے اللہ تعالیٰ کی جانب سے اور اُس کے رسول سے اُن لوگوں کی طرف جن سے

بری الذمہ ہونے کا اعلان ہے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی جانب سے اُن مشرکوں کی طرف

عٰهَدۡتُّمۡ مِّنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ؕ﴿۱﴾ فَسِيۡحُوۡا فِى الۡاَرۡضِ اَرۡبَعَةَ

معاہدہ کیا تھا تم نے مشرکوں میں سے چنانچہ تم چل پھر لو زمین میں چار

جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا۔(1) چنانچہ تم لوگ ملک میں چار

اَشۡهُرٍ وَّاعۡلَمُوۡۤا اَنَّكُمۡ غَيۡرُ مُعۡجِزِى اللّٰهِ‌ۙ

ماہ اور جان لو یقیناً تم نہیں ہو عاجز کرنے والے اللہ تعالیٰ کو

ماہ چل پھر لو اور جان لو کہ یقیناً تم اللہ تعالیٰ کو عاجز کرنے والے نہیں ہو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِی الْکٰفِرِیْنَ ﴿۲﴾ وَاَذَانٌ

اور بلاشبہ | اللہ تعالیٰ | رسوا کرنے والا ہے | کافروں کو | اور صاف اعلان ہے

اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے۔(2) اور صاف اعلان ہے

مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَی النَّاسِ یَوْمَ الْحَجِّ الْاَکْبَرِ

اللہ تعالیٰ کی جانب سے | اور اُس کے رسول کی | تمام لوگوں کی طرف | دن | حج اکبر کے

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی جانب سے حج اکبر کے دن تمام لوگوں کی طرف

اَنَّ اللّٰهَ بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ

یقیناً | اللہ تعالیٰ | بری الذمہ ہے | مشرکوں سے | اور اُس کا رسول | چنانچہ اگر

کہ یقیناً اللہ تعالیٰ مشرکوں سے بری الذمہ ہے اور اس کا رسول بھی۔ چنانچہ اگر

تُبْتُمْ فَهُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ ۚ وَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا

توبہ کرلو تم | تو وہ | بہتر ہے | تمہارے لیے | اور اگر | منہ موڑو تم | تو تم جان لو

تم توبہ کرلو تو وہ تمہارے لیے بہتر ہے اور اگر منہ موڑو تم تو جان لو

اَنَّکُمْ غَیْرُ مُعْجِزِی اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ

یقیناً تم | نہیں ہو | عاجز کرنے والے | اللہ تعالیٰ کو | اور آپ خوش خبری دے دیں | ان لوگوں کو

کہ یقیناً تم اللہ تعالیٰ کو عاجز کرنے والے نہیں ہو اور

کَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ﴿۳﴾ ۙ اِلَّا الَّذِیْنَ عٰهَدْتُّمْ

جن لوگوں نے کفر کیا | عذاب کی | دردناک | مگر | جن لوگوں سے | معاہدہ کیا ہے تم نے

جن لوگوں نے کفر کیا انہیں آپ دردناک عذاب کی خوشخبری دے دیں۔(3) مگر مشرکوں میں سے جن لوگوں سے تم نے معاہدہ کیا،

مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ ثُمَّ لَمْ یَنْقُصُوْکُمْ شَیْئًا وَّلَمْ

مشرکوں میں سے | پھر | نہیں کمی کی اُنہوں نے تم سے | کچھ بھی | اور نہیں

پھر انہوں نے عہد میں تم سے کچھ بھی کمی نہیں کی اور تمہارے خلاف

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ

مدد کی اُنہوں نے | تمہارے خلاف | کسی ایک کی | تو پورا کرو | طرف ان کی | معاہدہ ان کا

انہوں نے کسی کی مدد بھی نہیں کی تو ان کے ساتھ ان کا معاہدہ ان کی مدت تک پورا کرو،

اِلٰى مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝٤ فَاِذَا

اُن کی مدت تک | بلاشبہ | اللہ تعالیٰ | محبت رکھتا ہے | متقی لوگوں سے | چنانچہ جب

بلاشبہ اللہ تعالیٰ متقی لوگوں سے محبت رکھتا ہے۔(4) چنانچہ جب

انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ

نکل جائیں | مہینے | حرمت والے | تو تم قتل کرو | مشرکوں کو

حرمت والے مہینے نکل جائیں تو تم مشرکوں کو

حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا

جہاں | پاؤ تم اُنہیں | اور پکڑو اُن کو | اور گھیرو اُن کو | اور بیٹھو

جہاں پاؤ قتل کرو اور ان کو پکڑو اور ان کو گھیرو اور

لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ

اُن کے لئے | ہر گھات کی جگہ | پھر اگر | وہ توبہ کریں | اور وہ قائم کریں | نماز

ان کے لیے ہر گھات کی جگہ بیٹھو، پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز قائم کریں

وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اور وہ ادا کریں | زکوٰۃ | تو چھوڑ دو | راستہ اُن کا | یقیناً | اللہ تعالیٰ

اور زکوٰۃ ادا کریں تو ان کا راستہ چھوڑ دو۔ یقیناً اللہ تعالیٰ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ

بے حد بخشنے والا ہے | نہایت رحم والا ہے | اور اگر | کوئی ایک | مشرکوں میں سے

بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(5) اور مشرکوں میں سے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ

پناہ مانگے آپ سے | تو تم پناہ دے دو اسے | یہاں تک کہ | وہ سنے | کلام | اللہ تعالیٰ کا

کوئی اگر تم سے پناہ مانگے تو اسے پناہ دے دو یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کا

ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهٗ ۭ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ

پھر | تم پہنچا دو اسے | امن کی جگہ اُس کی | یہ | اس وجہ سے ہے کہ یقیناً وہ

کلام سنے، پھر اسے اس کی امن کی جگہ تک پہنچا دو۔ یہ اس وجہ سے ہے کہ یقیناً وہ

قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝۶ ع كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ

ع ٦/٧

لوگ | نہیں علم رکھتے | کیسے | ہوسکتا ہے | مشرکوں کے لیے

لوگ علم نہیں رکھتے۔(6) ان مُشرکوں کا

عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ

کوئی عہد | نزدیک اللہ تعالیٰ کے | اور نزدیک | اُس کے رسول کے | مگر | وہ لوگ جن سے

اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے نزدیک کوئی عہد کیسے ہوسکتا ہے؟ مگر وہ لوگ جن سے

عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا

معاہدہ کیا تم نے | پاس | مسجدِ حرام کے | چنانچہ جب تک | پوری طرح قائم رہیں

تم نے مسجدِ حرام کے پاس معاہدہ کیا تھا۔ چنانچہ وہ تمہارے لیے پوری طرح قائم رہیں

لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

تمہارے لیے | تو تم بھی پوری طرح قائم رہو | اُن کے لیے | بلاشبہ | اللہ تعالیٰ | محبت کرتا ہے

تو تم بھی ان کے لیے پوری طرح قائم رہو۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ

الْمُتَّقِيْنَ ۝۷ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا

متقی لوگوں سے | کیسے | حالانکہ اگر | وہ قابو پائیں | تم پر | نہ وہ لحاظ کریں گے

متقی لوگوں سے محبت کرتا ہے۔(7) کیسے ہوسکتا ہے؟ حالانکہ وہ اگر تم پر قابو پائیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ۭ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ

تمہارے بارے میں کسی قرابت کا اور نہ کسی عہد کا وہ خوش کرتے ہیں تمہیں ساتھ اپنے مونہوں کے

تو تمہارے بارے میں نہ کسی قرابت کا لحاظ کریں گے اور نہ کسی عہد کا، وہ اپنے مونہوں سے تمہیں خوش کرتے ہیں

وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۸ اِشْتَرَوْا

اور انکار کرتے ہیں دل اُن کے اور اکثر اُن کے فاسق ہیں اُنہوں نے خرید لی

اور دل ان کے انکار کرتے ہیں اور ان کے اکثر فاسق ہیں۔(8) انہوں نے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ

اللہ تعالیٰ کی آیات کے بدلے قیمت بہت تھوڑی پھر اُنہوں نے روکا اُس کے راستے سے

اللہ تعالیٰ کی آیات کے بدلے بہت تھوڑی قیمت خرید لی ہے، پھر انہوں نے اللہ تعالیٰ کے راستے سے روکا۔

اِنَّهُمْ سَاۗءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۹ لَا يَرْقُبُوْنَ

یقیناً وہ بہت برا ہے جو ہیں وہ عمل کرتے رہے نہیں وہ لحاظ کرتے ہیں

یقیناً بہت بُرا ہے جو وہ عمل کرتے رہے ہیں۔(9)

فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

کسی مومن کے بارے میں کسی قرابت داری کا اور نہ کسی عہد کا اور یہی لوگ وہ

کسی مومن کے بارے میں نہ وہ کسی قرابت داری کا لحاظ کرتے ہیں اور نہ کسی عہد کا اور یہی لوگ

الْمُعْتَدُوْنَ ۱۰ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ

حد سے گزرنے والے ہیں چنانچہ اگر وہ توبہ کریں اور قائم کریں نماز

حد سے گزرنے والے ہیں۔(10) چنانچہ اگر وہ توبہ کریں اور

وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ۭ وَنُفَصِّلُ

اور وہ ادا کریں زکوٰۃ تو بھائی ہیں تمہارے دین میں اور ہم کھول کر بیان کرتے ہیں

نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ ﴿١١﴾	وَاِنْ	نَّكَثُوْٓا
آیات کو	لوگوں کے لیے	وہ جانتے ہیں	اور اگر	وہ توڑ دیں

اور ہم ان لوگوں کے لیے آیات کو کھول کر بیان کرتے ہیں جو جانتے ہیں۔(11) اور اگر

اَيْمَانَهُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	عَهْدِهِمْ	وَطَعَنُوْا	فِيْ دِيْنِكُمْ
قسمیں اپنی	بعد	اپنے عہد کے	اور وہ طعن کریں	تمہارے دین میں

اپنے عہد کے بعد وہ اپنی قسمیں توڑ دیں اور تمہارے دین میں طعن کریں

فَقَاتِلُوْٓا	اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ	اِنَّهُمْ	لَآ اَيْمَانَ	لَهُمْ
تو جنگ کرو	کفر کے پیشواؤں سے	بلاشبہ وہ لوگ	نہیں ہیں کوئی قسمیں	اُن کے لیے

تو کفر کے پیشواؤں سے جنگ کرو۔ بلاشبہ ان لوگوں کے لیے کوئی قسمیں نہیں ہیں،

لَعَلَّهُمْ	يَنْتَهُوْنَ ﴿١٢﴾	اَلَا	تُقَاتِلُوْنَ	قَوْمًا	نَّكَثُوْٓا
شاید کہ وہ	وہ باز آجائیں	کیا نہیں	تم لڑو گے	لوگوں سے	توڑا ہے اُنہوں نے

تاکہ وہ باز آجائیں۔(12) کیا تم ان لوگوں سے نہ لڑو گے

اَيْمَانَهُمْ	وَهَمُّوْا	بِاِخْرَاجِ	الرَّسُوْلِ	وَهُمْ
اپنی قسموں کو	اور اُنہوں نے ارادہ کیا	نکالنے کا	رسول کو	اور وہ

جنہوں نے اپنی قسموں کو توڑا اور رسول کو نکالنے کا ارادہ کیا

بَدَءُوْكُمْ	اَوَّلَ	مَرَّةٍ ۭ	اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ	فَاللّٰهُ	اَحَقُّ
ابتدا کی اُنہوں نے تم سے	پہلی	بار	کیا تم ڈرتے ہو اُن سے	تو اللہ تعالیٰ	زیادہ حق دار ہے

اور پہلی بار انہوں نے ہی تم سے ابتدا کی، کیا تم اُن سے ڈرتے ہو؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ زیادہ حق دار ہے

اَنْ	تَخْشَوْهُ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣﴾	قَاتِلُوْهُمْ
یہ کہ	تم ڈرو اس سے	اگر	ہو تم	مومن	تم لڑو اُن سے

کہ تم اُس سے ڈرو اگر تم مومن ہو۔(13) تم اُن سے لڑو،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ

عذاب دلوائے گا اُنہیں اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھوں سے اور وہ رسوا کرے گا اُنہیں اور وہ مدد کرے گا تمہاری

اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھوں اُن کو عذاب دلوائے گا اور اُنہیں رُسوا کرے گا

عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۙ﴿۱۴﴾ وَيُذْهِبْ

خلاف اُن کے اور وہ شفا دے گا سینوں کو لوگوں کے مومن اور وہ دُور کرے گا

اور اُن کے خلاف تمہاری مدد کرے گا اور مومنوں کے سینوں کو شفا دے گا۔(14)

غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ

غصہ اُن کے دلوں کا اور وہ توبہ کی توفیق دیتا ہے اللہ تعالیٰ اُوپر جس کے وہ چاہتا ہے

اور اُن کے دلوں کا غصہ دور کرے گا اور اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے توبہ کی توفیق دیتا ہے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۵﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا ہے کمال حکمت والا ہے یا گمان کرلیا ہے تم نے یہ کہ

اور اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔(15) یا تم نے یہ گمان کرلیا ہے کہ

تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا

تم چھوڑ دیے جاؤ گے حالانکہ ابھی نہیں جانا اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کو جنہوں نے جہاد کیا

تم چھوڑ دیے جاؤ گے؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ابھی ان لوگوں کو نہیں جانا جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا ہے

مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا

تم میں سے اور نہیں اُنہوں نے بنایا سوائے اللہ تعالیٰ کے اور نہ اس کے رسول کے اور نہ

اور جنہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اور مومنوں کے سوا کسی کو

الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ ع

مومنوں کے رازدار اور اللہ تعالیٰ پوری طرح باخبر ہے اس سے جو تم عمل کرتے ہو

رازدار نہیں بنایا اور جو بھی تم عمل کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس سے پوری طرح باخبر ہے۔(16)

ع ۲ ۱۰ ۸

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ

کبھی نہیں ہے مشرکوں کے لیے یہ کہ وہ آباد کریں اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو

مشرکوں کے لیے کبھی یہ حق نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو آباد کریں حالانکہ

شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ

شہادت دینے والے ہیں اپنے آپ پر کفر کی یہی لوگ ہیں ضائع ہو گئے

اپنے آپ پر وہ کفر کی شہادت دینے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے سارے اعمال ضائع ہو گئے

اَعْمَالُهُمْ ۚۖ وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿١٧﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ

اعمال اُن کے اور آگ میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں یقیناً آباد کرتا ہے مسجدوں کو

اور وہ ہمیشہ آگ ہی میں رہنے والے ہیں۔(17) یقیناً اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو وہی آباد کرتا ہے

اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ

اللہ تعالیٰ کی جو ایمان لایا اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر اور اس نے قائم کی نماز

جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان لایا اور نماز قائم کی

وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ

اور اس نے ادا کی زکوٰۃ اور نہ وہ ڈرا سوائے اللہ تعالیٰ کے تو اُمید ہے یہ لوگ

اور زکوٰۃ ادا کی اور اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نہ ڈرا تو اُمید ہے کہ یہ لوگ

اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٨﴾ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ

یہ کہ وہ ہوں گے ہدایت پانے والوں میں سے کیا بنا لیا تم نے پانی پلانا حاجیوں کو

ہدایت پانے والوں میں سے ہوں گے۔(18) کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانا

وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

اور آباد کرنا مسجدِ حرام کو اُس جیسا جو ایمان لایا اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر

اور مسجدِ حرام کو آباد کرنا اُس جیسا بنا دیا جو اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان لایا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

اور جہاد کیا اس نے | اللہ تعالیٰ کی راہ میں | نہیں ہیں برابر وہ | اللہ تعالیٰ کے نزدیک | اور اللہ تعالیٰ

اور اُس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دونوں برابر نہیں ہیں

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا

نہیں ہدایت دیتا | لوگوں کو | ظالم | وہ لوگ جو | ایمان لائے | اور ہجرت کی اُنہوں نے

وقف لازم

اور اللہ تعالیٰ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ (19) جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے ہجرت کی

وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ

اور جہاد کیا انہوں نے | اللہ تعالیٰ کی راہ میں | ساتھ اپنے مالوں کے | اور اپنی جانوں کے | زیادہ بڑے ہیں

اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ جہاد کیا، اللہ تعالیٰ کے نزدیک

دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾

درجے میں | نزدیک | اللہ تعالیٰ کے | اور وہی لوگ | وہ | کامیاب ہیں

درجے میں زیادہ بڑے ہیں اور وہی لوگ کامیاب ہیں۔ (20)

يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ

خوش خبری دیتا ہے اُنہیں | رب اُن کا | رحمت کی | اپنی طرف سے | اور رضامندی کی

اُن کا رب اُنہیں اپنی جانب سے رحمت اور رضامندی

وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿۲۱﴾ ۙ خٰلِدِيْنَ

اور جنتوں کی | اُن کے لیے | اُس میں | نعمتیں ہیں | ہمیشہ رہنے والی | ہمیشہ رہنے والے ہیں

اور جنتوں کی خوش خبری دیتا ہے جن میں ان کے لیے ہمیشہ رہنے والی نعمتیں ہیں۔ (21) وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔

فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۲﴾

اُس میں | ہمیشہ ہمیشہ | یقیناً | اللہ تعالیٰ | اُس کے پاس ہے | اجر | بہت بڑا

یقیناً اللہ تعالیٰ ہی کے پاس بہت بڑا اجر ہے۔ (22)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو نہ تم بناؤ اپنے باپوں کو اور اپنے بھائیوں کو

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے باپوں اور اپنے بھائیوں کو بھی

اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ وَمَنْ

دوست اگر وہ محبت رکھیں کفر سے ایمان پر اور جو کوئی

اپنا دوست نہ بناؤ اگر وہ ایمان کے مقابلے میں کفر سے محبت رکھیں اور تم میں سے جو اُن سے

يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ

دوستی رکھے گا ان سے تم میں سے تو وہی لوگ وہ ظالم ہیں آپ کہہ دیں

دوستی رکھے گا تو وہی لوگ ظالم ہیں۔(23) آپ کہہ دیں

اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ

اگر ہیں تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں

کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں

وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ࣙ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ

اور تمہارا خاندان اور اموال جو تم نے کمائے ہیں اور تجارت

اور تمہارا خاندان اور وہ اموال جو تم نے کمائے ہیں اور وہ تجارت

تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ

تم ڈرتے ہو اس کے مندا پڑ جانے سے اور گھر تم پسند کرتے ہو ان کو زیادہ محبوب ہیں

جس کے مندا پڑ جانے سے تم ڈرتے ہو اور وہ گھر جنہیں تم پسند کرتے ہو،

اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ

طرف تمہاری اللہ تعالیٰ سے اور اُس کے رسول سے اور جہاد سے اُس کی راہ میں

تمہیں اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول اور اُس کی راہ میں جہاد سے زیادہ محبوب ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

فَتَرَبَّصُوا	حَتّٰى	يَأْتِيَ	اللّٰهُ	بِأَمْرِهٖ ۗ	وَاللّٰهُ
تو انتظار کرو	یہاں تک کہ	لے آئے	اللہ تعالیٰ	حکم اپنا	اور اللہ تعالیٰ

تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنا حکم لے آئے اور اللہ تعالیٰ

لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٤﴾ ع	لَقَدْ	نَصَرَكُمُ	
نہیں ہدایت دیتا	لوگوں کو	نافرمان	بلاشبہ یقیناً	مدد کی تمہاری	

نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔(24) بلاشبہ یقیناً

ع ٣ ٨ ٩

اللّٰهُ	فِيْ مَوَاطِنَ	كَثِيْرَةٍ ۙ	وَّيَوْمَ	حُنَيْنٍ ۙ	اِذْ
اللہ تعالیٰ نے	جگہوں میں	بہت سی	اور دن	حنین کے	جب

اللہ تعالیٰ نے بہت سی جگہوں میں تمہاری مدد کی ہے اور حُنین کے دن بھی جب

اَعْجَبَتْكُمْ	كَثْرَتُكُمْ	فَلَمْ تُغْنِ	عَنْكُمْ	شَيْـًٔا
خود پسند بنا دیا تمہیں	تمہاری کثرت نے	پھر نہ وہ کام آئی	تم سے	کچھ بھی

تمہاری کثرت نے تمہیں خود پسند بنا دیا پھر وہ تمہارے کچھ بھی کام نہ آئی

وَّضَاقَتْ	عَلَيْكُمُ	الْاَرْضُ	بِمَا	رَحُبَتْ	ثُمَّ
اور تنگ ہو گئی	تم پر	زمین	باوجود اس کے کہ	وسیع تھی	پھر

اور زمین وسیع ہونے کے باوجود تم پر تنگ ہو گئی پھر

وَلَّيْتُمْ	مُّدْبِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ ج	ثُمَّ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	سَكِيْنَتَهٗ
لوٹ گئے تم	پیٹھ پھیرنے والے	پھر	نازل فرمائی	اللہ تعالیٰ نے	سکینت اپنی

تم پیٹھ پھیرتے ہوئے لوٹ گئے۔(25) پھر اللہ تعالیٰ نے

عَلٰى رَسُوْلِهٖ	وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاَنْزَلَ	جُنُوْدًا	لَّمْ تَرَوْهَا
اپنے رسول پر	اور مومنوں پر	اور اُتارے اس نے	لشکر	نہیں تم نے دیکھا انہیں

اپنے رسول پر اور مومنوں پر اپنی سکینت نازل فرمائی اور ایسے لشکر اُتارے جنہیں تم نے نہیں دیکھا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَذٰلِكَ جَزَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ ۲۶

اور سزا دی اس نے ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا اور یہی بدلہ ہے کافروں کا

اور اس نے ان لوگوں کو سزا دی جنہوں نے کفر کیا اور کافروں کا یہی بدلہ ہے۔(26)

ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

پھر توبہ کی توفیق دے گا اللہ تعالیٰ بعد اس کے اُوپر جس کے وہ چاہے گا

پھر اللہ تعالیٰ اس کے بعد بھی جس کو چاہے گا توبہ کی توفیق دے گا

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۲۷ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

اور اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا ہے نہایت رحم والا ہے اے لوگو جو ایمان لائے ہو

اور اللہ تعالیٰ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔(27) اے لوگو جو ایمان لائے ہو!

اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

یقیناً سب مشرک ناپاک ہیں چنانچہ نہ وہ قریب آئیں مسجد حرام کے

یقیناً سب مُشرک ناپاک ہیں چنانچہ وہ

بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً

بعد اپنے سال کے اس اور اگر خوف ہے تمہیں تنگدستی کا

اس سال کے بعد مسجدِ حرام کے قریب نہ آئیں اور اگر تمہیں تنگ دستی کا خوف ہے

فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَاۗءَ ۭ

تو جلد ہی غنی کر دے گا تمہیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اگر اس نے چاہا

تو اللہ تعالیٰ اگر اس نے چاہا تو جلد ہی تمہیں اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۲۸ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ

یقیناً اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا ہے کمال حکمت والا ہے تم لڑو اُن لوگوں سے جو

یقیناً اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والا، کمال حکمت والا ہے۔(28) اور ان لوگوں سے لڑو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَلَا	بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَلَا
نہیں ایمان لاتے	اللہ تعالیٰ پر	اور نہ	آخرت کے دن پر	اور نہ

جو اللہ تعالیٰ پر اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں لاتے اور نہ ہی

يُحَرِّمُوْنَ	مَا	حَرَّمَ	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	وَلَا
وہ حرام کہتے ہیں	اس کو جو	حرام کیا ہے	اللہ تعالیٰ نے	اور اُس کے رسول نے	اور نہ

اس کو حرام کہتے ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے حرام کیا ہے اور نہ ہی

يَدِيْنُوْنَ	دِيْنَ الْحَقِّ	مِنَ الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ
وہ اختیار کرتے ہیں	دینِ حق کو	اُن لوگوں میں سے جنہیں	دی گئی	کتاب

وہ دینِ حق کو اختیار کرتے ہیں، ان لوگوں میں سے جنہیں کتاب دی گئی ہے،

حَتّٰى	يُعْطُوا	الْجِزْيَةَ	عَنْ يَّدٍ	وَّهُمْ
یہاں تک کہ	وہ دیں	جزیہ	ہاتھ سے	اور وہ

یہاں تک کہ وہ ہاتھ سے جزیہ دیں اور

صٰغِرُوْنَ ﴿٢٩﴾ ع	وَقَالَتِ	الْيَهُوْدُ	عُزَيْرُ ِۨ	ابْنُ
ذلیل ہوں	اور کہا	یہودیوں نے	عزیر	بیٹا ہے

ذلیل ہوں۔(29) اور یہودیوں نے کہا کہ عُزیر

ع ٤ ١٠

اللّٰهِ	وَقَالَتِ	النَّصٰرَى	الْمَسِيْحُ	ابْنُ	اللّٰهِ ؕ
اللہ تعالیٰ کا	اور کہا	نصاریٰ (عیسائیوں نے)	مسیح	بیٹا ہے	اللہ تعالیٰ کا

اللہ تعالیٰ کا بیٹا ہے اور عیسائیوں نے کہا کہ مسیح اللہ تعالیٰ کا بیٹا ہے۔

ذٰلِكَ	قَوْلُهُمْ	بِاَفْوَاهِهِمْ ج	يُضَاهِـُٔوْنَ	قَوْلَ
یہ	اُن کی بات ہے	ان کے مونہوں کی	وہ مشابہت کرتے ہیں	بات کی

یہ ان کے اپنے مونہوں کی بات ہے، وہ ان لوگوں کی بات کی مشابہت کرتے ہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى

اُن لوگوں کی | جنہوں نے کفر کیا | اس سے پہلے | ہلاک کرے انہیں اللہ تعالیٰ | کہاں سے

جنہوں نے ان سے پہلے کفر کیا۔ اللہ تعالیٰ انہیں ہلاک کرے! وہ کہاں سے

يُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٠﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا

وہ بہکائے جارہے ہیں | اُنہوں نے بنالیا | اپنے علماء کو | اور اپنے درویشوں کو | رب

بہکائے جارہے ہیں؟ (30) انہوں نے اپنے علماء اور درویشوں کو

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا

سوائے | اللہ تعالیٰ کے | اور مسیح | ابن مریم کو | حالانکہ نہیں | انہیں حکم دیا گیا | سوائے

اللہ تعالیٰ کے سوا اپنا رب بنالیا ہے اور مسیح ابن مریم کو بھی حالانکہ انہیں اس کے سوا حکم نہیں دیا گیا تھا

لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ

اس کے کہ وہ عبادت کریں | معبود کی | ایک ہی | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ

کہ وہ ایک ہی معبود کی عبادت کریں کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی،

سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٣١﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا

پاک ہے وہ | اُس سے جو | وہ شریک بناتے ہیں | وہ ارادہ رکھتے ہیں | یہ کہ | وہ بجھادیں

وہ اس سے پاک ہے جو وہ شریک بناتے ہیں۔ (31) وہ ارادہ رکھتے ہیں کہ

نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ

اللہ تعالیٰ کے نور کو | اپنے مونہوں سے | اور نہیں مانتا | اللہ تعالیٰ | مگر | یہ کہ | وہ پورا کرے

اللہ تعالیٰ کے نور کو اپنے مُونہوں سے بجھادیں اور اللہ تعالیٰ نہیں مانتا مگر یہ کہ وہ اپنے نور کو پورا کرے

نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٣٢﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ

نور اپنا | اور اگرچہ | بُرا جانیں | کافر لوگ | وہ ہے | جس نے | بھیجا

اور اگرچہ کافر لوگ بُرا جانیں۔ (32) وہی ہے جس نے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ

اپنے رسول کو | ساتھ ہدایت کے | اور دین حق کے | تا کہ وہ غالب کردے اس کو | دین پر

اپنے رسول کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا ہے تا کہ وہ اس کو

كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

ہر | اور اگرچہ | بُرا جانیں | مشرک لوگ | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو

ہر دین پر غالب کردے اگرچہ مشرک لوگ بُرا جانیں۔(33) اے لوگو جو ایمان لائے ہو!

اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ

یقیناً | بہت سے | علماء میں سے | اور درویش | یقیناً وہ کھاتے ہیں | اموال

